## سوال

عیدین اور نماز جنازہ میں رفع الیدین کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا عیدین اور نماز جنازہ میں رفع الیدین کرنا مسنون ہے حضورﷺ نے کیا یا کوئی صحیح حدیث موجود ہو تو اس کے متعلق تحریر فرمائیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

تکبیرات جنازہ میں رفع الیدین کرنے کی مرفوع حدیث کتاب العلل للدارقطنی میں موجود ہے حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے اس مرفوع حدیث کو ضعیف قرار دیا ہے مگر ان کا یہ ضعف والا فیصلہ بجائے خود ضعیف ہے ابن باز کی فتح الباری پر تعلیق دیکھیں ۔ تکبیرات عیدین میں رفع الیدین کی کوئی خاص مرفوع صحیح حدیث مجھے معلوم نہیں البتہ عام احادیث مرفوعہ اور موقوفات موجود ہیں ۔ (جزء رفع الیدین للبخاری ملاحظہ فرمائیں)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام و مسائل

## جنازے کے مسائل ج1ص 257